## پاکستان انتہائی مشکل دور سے گزر رہا ہے، اس نازک صورتحال میں صرف اور صرف اتحاد ہی وہ طاقت ہے جو ہمیں مکمل تباہی سے بچاسکتی ہے۔ الطاف حسین

### محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کے زیراہتمام دبئی میں منعقدہ اجتماع کے موقع پر محبان پاکستان کے کارکنوں کے نام پیغام

### اجتماع میں دبئی، ابوظہبی، شارجہ، العین اور راس الخیمہ سے تعلق رکھنے والے محبان پاکستان کے کارکنوں کی شرکت

دبئی۔۔۔18 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان انتہائی مشکل دور سے گزر رہا ہے، ایسے میں صرف اور صرف اتحاد ہی وہ طاقت ہے جو ہمیں مکمل تباہی سے بچاسکتی ہے۔ یہ بات انہوں نے خلیجی ریاستوں میں مقیم پاکستانیوں کی تنظیم ''محبان پاکستان'' متحدہ عرب امارات یونٹ کے زیراہتمام دبئی میں منعقدہ اجتماع کے موقع پر محبان پاکستان کے کارکنوں کے نام اپنے ایک پیغام میں کہی۔ یہ پیغام محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کے آرگنائزر ہدیٰ خان نے اجتماع میں پڑھ کرسنایا۔ اجتماع میں متحدہ عرب امارات کی ریاستوں دبئی، ابوظہبی، شارجہ، العین اور راس الخیمہ سے تعلق رکھنے والے محبان پاکستان کے کارکنوں نے شرکت کی۔ اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ محبان پاکستان نے تحریک میں ہمیشہ ایک اہم کردار ادا کیا ہے اور یہ خوش آئند امر ہے کہ محبان پاکستان متحدہ عرب امارات یونٹ ایک نئے عزم اور حوصلے کے ساتھ کام کررہا ہے اور اس نے وقت کے تقاضوں کے عین مطابق اپنے آپ کو نئے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے صف آراء کرلیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان انتہائی مشکل دور سے گزر رہا ہے، ملک کے چاروں طرف خطرات منڈلا رہے ہیں اور اس نازک صورتحال میں صرف اور صرف اتحاد ہی وہ طاقت ہے جو ہمیں مکمل تباہی سے بچاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی صورتحال میں جبکہ آئندہ آنے والے دنوں میں خلیجی ریاستوں میں مقیم پاکستانیوں کے مزید متحد و منظم اور فعال ہونے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے محبان پاکستان کے کارکنوں سے کہا کہ حالات کا تقاضہ ہے کہ آپ حالات سے باخبر رہیے اور کسی بھی قسم کے نامساعد حالات کیلئے ذہنی طور پر تیار رہیے۔ انہوں نے کہا کہ تمام کارکنان ایک دوسرے کے ساتھ کمیونیکیشن، کوآرڈی نیشن اور کوآپریشن کو مزید بہتر سے بہتر بنائیں۔ یہ دور ہم سے تیز رفتاری کا نہیں برق رفتاری کا متقاضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ محبان پاکستان متحدہ عرب امارات یونٹ آئندہ بھی تحریک کا دست وبازو بن کر ابھرے گا۔ جناب الطاف حسین نے متحدہ عرب امارات یونٹ کے کارکنوں کو زبردست شاباش اور خراج تحسین پیش کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ثابت قدم رکھے اور تحریک کا ہراول دستہ بننے کی توفیق عطا فرمائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی لندن کے رکن محمد انور کے بھانجے اور سابق ٹاؤن ناظم گلبرگ سید معو د احمد حیات کے صاحبزادے سید ذیشان احمد حیات ہفتہ کی شب کراچی میں انتقال کر گئے

### ذیشان حیات مرحوم کو عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ جنازے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، صوبائی وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، ایم کیوایم کے ذمہ داروں اور کارکنوں کی شرکت

### ذیشان حیات مرحوم کا سوئم منگل کو بعد نماز ظہر مرحوم کی رہائش گاہ بنگلہ نمبر 2 کلفٹن فیر یئر ٹاؤن پر ہوگا

کراچی۔۔۔21 دسمبر 2008ء۔۔۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی لندن کے رکن محمد انور کے بھانجے اور سابق ٹاؤن ناظم گلبرگ سید معو د احمد حیات کے صاحبزادے سید ذیشان احمد حیات ہفتہ کی شب کراچی میں انتقال کر گئے۔ ذیشان حیات کی عمر 32 سال تھی۔ ذیشان حیات مرحوم شادی شدہ تھے اور ان کے دو بچے ہیں۔ ذیشان حیات مرحوم ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے کارکن بھی تھے۔ ہفتہ کی شب ذیشان حیات کے انتقال کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست ارکان اسمبلی اور ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے ذمہ داران کلفٹن میں واقع ذیشان حیات مرحوم کی رہائش گاہ پہنچ گئے اور مرحوم کے والد سید معو د احمد حیات اور دیگر اہل خانہ کو دلاسہ دیا۔ ذیشان حیات مرحوم کی نماز جنازہ آج بعد نماز ظہر فیر یئر ٹاؤن کی گلزار حبیب مسجد میں ادا کی گئی جسکے بعد انہیں عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ ذیشان حیات مرحوم کے جنازے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، انیس قائم خانی، شکیل عمر، ڈاکٹر نصرت، سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال، صوبائی وزراء رضا ہارون، عبدالحسیب، رؤف صدیقی، ڈاکٹر صغیر احمد، رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف، ارکان سندھ اسمبلی انور عالم، خالد بن ولایت ایڈوکیٹ، خالد عمر، صدر کے ٹاؤن ناظم محمد دلاور، گلبرگ کے ٹاؤن ناظم کمال احمد، جمشید ٹاؤن کے ٹاؤن ناظم جاوید احمد، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج حماد صدیقی، ڈیفنس کلفٹن ریزیڈینٹ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے ذمہ داران اور کارکنان سمیت لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جبکہ رابطہ کمیٹی کی رکن ممتاز انوار، حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت اور شعبہ خواتین کی ذمہ

داران نے مرحوم کے گھر جا کر لواحقین سے تعزیت کی۔ ذیشان حیات مرحوم کا سوئم منگل کو بعد نماز ظہر مرحوم کی رہائش گاہ بنگلہ نمبر 2 کلفٹن فیریئر ٹاؤن پر ہوگا۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رابطہ کمیٹی لندن کے رکن محمد انور سے فون پر تعزیت

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست نمائندوں نے لندن میں محمد انور کی رہائش گاہ جا کر ان سے تعزیت کی

لندن۔۔۔21 دسمبر 2008ء۔۔۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی لندن کے رکن محمد انور کے بھانجے سید ذیشان احمد حیات کے انتقال کی اطلاع ملنے پر ان سے فون پر تعزیت کی۔ جناب الطاف حسین نے محمد انور سے دلی تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ ذیشان حیات کے انتقال پر مجھے اور تمام کارکنوں کو دلی افسوس ہے اور ہم سب آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے محمد انور سے کہا کہ یہ ایک بڑا سانحہ ہے، اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کے تمام اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے۔ دریں اثناء انتقال کی اطلاع ملنے پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق جاوید، سلیم شہزاد، مصطفیٰ عزیز آبادی، محمد اشفاق، ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے نگراں انیس ایڈووکیٹ، گلشن اقبال کے ٹاؤن ناظم واسع جلیل اور سائٹ ٹاؤن کے ٹاؤن ناظم اظہار احمد خان نے لندن میں محمد انور کی رہائش گاہ جا کر ان سے انکے تمام اہل خانہ سے سید ذیشان احمد حیات کے انتقال پر تعزیت کی۔

## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور کے بھانجے اور سابق ٹاؤن ناظم گلبرگ سید معود احمد حیات کے صاحبزادے سید ذیشان احمد حیات کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔21 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور کے بھانجے اور سابق ٹاؤن ناظم گلبرگ سید معود احمد حیات کے صاحبزادے سید ذیشان احمد حیات کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ذیشان احمد حیات مرحوم کے والد، والدہ، بیوہ، بہن بھائیوں سمیت تمام لواحقین سے اپنی اور ایم کیوایم کے تمام کارکنوں کی جانب سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ذیشان حیات مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ذیشان احمد حیات کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور، سید معود حیات اوران کے تمام اہل خانہ سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ذیشان حیات مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کا متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور اور سابق ٹاؤن ناظم گلبرگ معود حیات سے اظہار تعزیت

لندن۔۔۔21 دسمبر 2008ء۔۔۔ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد، عظمت بیگ اور اراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور کے بھانجے اور سابق ٹاؤن ناظم گلبرگ معود حیات کے صاحبزادے ذیشان حیات کے انتقال پر اپنے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ذیشان مرحوم کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

## آزاد کشمیر میں دھیر کوٹ کے مقام پر مسافر وین کے حادثے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے انچارج فدا محمد راٹھور کے صاحبزادے مصطفیٰ راٹھور سمیت 7 افراد کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔21، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آزاد کشمیر کے ضلع باغ سے مظفر آباد آتے ہوئے دھیر کوٹ غازی آباد کے مقام پر مسافر وین کے گہری کھائی میں گرنے کے حادثے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے انچارج فدا محمد راٹھور کے صاحبزادے مصطفیٰ راٹھور سمیت 7 افراد کے جاں بحق اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے فدا محمد راٹھور سے اس اندوہناک حادثے میں انکے صاحبزادے مصطفیٰ راٹھور کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے حادثے میں جاں بحق ہونے والے دیگر تمام افراد کے لواحقین سے بھی دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواروں کو صبر جمیل عطا

کرے۔انہوں نے حادثے کے زخمیوں سے بھی ہمدردی کا اظہار کیا اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کی دعا کی ۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اورایم کیوایم آزادکشمیر نے بھی مسافروین کے حادثے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن آزادکشمیر کے انچارج فدامحمد راٹھور کے صاحبزادے مصطفیٰ راٹھوراور دیگرافراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اورمرحومین کی مغفرت اورزخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔

## ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیراہتمام ’’یوم شہداء‘‘ منایا گیا

## یوم شہداء کے سلسلے میں جوہانسبرگ میں قرآن خوانی،ساؤتھ افریقہ یونٹ کے ذمہ داروں،کارکنوں اور ہمدردوں نے شرکت کی

جوہانسبرگ ۔۔۔21دسمبر2008ء۔۔۔ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیراہتمام ’’یوم شہداء‘‘ منایا گیااور قائدتحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصرحسین شہیداور بھتیجے عارف حسین شہیدسمیت تحریک کے تمام شہیدوں اورسانحہ علی گڑھ کے شہداءکوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔یوم شہداء کے سلسلے میں جوہانسبرگ میں قرآن خوانی کی گئی جس میں ساؤتھ افریقہ یونٹ کے ذمہ داروں،کارکنوں اور ہمدردوں نے شرکت کی ۔قرآن خوانی کے بعدتمام شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اورشہداء کوخراج عقیدت پیش کیا گیااور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورتحریک کی کامیابی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں ۔اس موقع پرشرکاء نے اپنے اس عزم کااعادہ کیا کہ تحریک کے شہیدوں نے جس مشن ومقصد کیلئے اپنی جانوں کی قربانی دی ہے اس کو ہرقیمت پر جاری رکھا جائے گااور شہیدوں کی قربانیوں کوفراموش نہیں کیا جائے گااور تحریک کواس کی منزل تک پہنچانے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

## محبان پاکستان اوورسیزکویت یونٹ کے زیراہتمام ’’یوم شہداء‘‘ منایا گیا

## یوم شہداء کے سلسلے میں فروانیہ میں قرآن خوانی کا اجتماع منعقدکیا گیا،اجتماع میں کویت کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، یونٹ کے کارکنوں اور ہمدردوں کی شرکت

## شہداءکی قربانیاں ہمارے لئےمشعل راہ ہیں۔تعزیتی اجتماع سے محبان پاکستان کویت کے آرگنائزرافضل خان، جوائنٹ آرگنائزرزعدیل احمداورشاہدعمرکا خطاب

کویت ۔۔۔21دسمبر2008ء۔۔۔محبان پاکستان اوورسیزکویت یونٹ کے زیراہتمام ’’یوم شہداء‘‘ منایا گیا۔یوم شہداء کے سلسلے میں فروانیہ میں قرآن خوانی کا اجتماع منعقدکیا گیا جس میں کویت کے آرگنائزرافضل خان،آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان،یونٹ کے کارکنوں اور ہمدردوں نے شرکت کی ۔قرآن خوانی کے بعد فاتحہ خوانی کی گئی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصرحسین شہیداور بھتیجے عارف حسین شہیدسمیت تحریک کے تمام شہیدوں،سانحہ علی گڑھ 14دسمبر1986ءاورسانحہ مشرقی پاکستان کے شہداءکوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس موقع پرایک تعزیتی اجتماع بھی ہواجس سے محبان پاکستان کویت کے آرگنائزرافضل خان،جوائنٹ آرگنائزرزعدیل احمداورشاہدعمر نے خطاب کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ آج شہداء کی قربانیوں کویادکرنے اورانہیں خراج عقیدت پیش کرنے کادن ہے کہ جنہوں نے تحریک کے عظیم مقصد کیلئے اپنی جانوں کی قربانی دینے سے بھی دریغ نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہمارے لئے مشعل راہ ہیں اورہم قائدتحریک جناب الطاف حسین کی پرعزم اورولولہ انگیز قیادت میں تحریکی جدوجہدجاری رکھیں گےاوراس جدوجہدمیں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔انہوں نے کہا کہ محبان پاکستان کے کارکنوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ دیارغیرمیں رہتے ہوئے تحریکی مشن ومقصدکوآگے بڑھانے کیلئے کوشاں رہیں۔

## لانڈھی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم ڈاکٹرارشاداحمد کے والدامتیازاحمدانتقال کرگئے،الطاف حسین کا اظہارافسوس

کراچی ۔۔۔21،دسمبر2008ء۔۔۔لانڈھی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم ڈاکٹرارشاداحمد کے والدامتیازاحمدعلالت کے باعث انتقال کرگئے ۔مرحوم کی عمر78سال تھی اور انکےسوگواران میں بیوہ،5لڑکےاور2لڑکیاں شامل ہیں۔امتیازاحمدمرحوم کواسماعیل گوٹھ لانڈھی نمبر2 کے قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست صوبائی وزیرشیخ محمدافضل،لانڈھی وکورنگی سے تعلق رکھنے والےحق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم لانڈھی سیکٹرکمیٹی کے ارکان،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی ۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر ارشاداحمد کے والدامتیازاحمد کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس

کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان دکھ اور غم کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)۔

## لانڈھی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم، بلدیہ ٹاؤن کے حق پرست کونسلر اور سوسائٹی اور کورنگی سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لانڈھی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم ڈاکٹر ارشاد احمد کے والد امتیاز احمد، ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 64 کے کارکن سید محمد سکندر کے بھائی سید محمد صابر، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن محمود کے والد مبارک خان، کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن واجد کی والدہ محترمہ زبیدہ بانو اور بلدیہ ٹاؤن کی یوسی 7 کے حق پرست کونسلر انور نواب کی والدہ محترمہ حلیمہ بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆